9

ROLL NUMBER						

Version No.				
4	0	0	2	1

اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Candidate Sign. _____

Invigilator Sign. _____

Answer Sheet No. _____

کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	"آسمان سے باتیں کرنا" قواعد کی رو سے کیا ہے؟	محاورہ	ضرب المثل	کہاوت	امدادی فعل	○	○	○	○
2.	جمع کی جمع کو کیا کہتے ہیں؟	تثنیہ	جمع الجمع	جمع مکسر	جمع سالم	○	○	○	○
3.	دو باتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کے موقعے پر استعمال ہونے والے حروف ہیں:	عطف	اضافت	تردید	علت	○	○	○	○
4.	مرکب مصدر میں جب دو فعل اکٹھے آجائیں تو امدادی فعل ہوتا ہے:	غیر حقیقی فعل	اصل فعل	پہلا فعل	دوسرا فعل	○	○	○	○
5.	ترکیب لفظی کی نشان دہی کریں:	سایۂ دیوار	ان گنت	بے نام	خاطر خواہ	○	○	○	○
6.	دفتری مراسلات کا حوالہ دینے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے:	رسمی خط	ترچھا خط	غیر رسمی خط	دفتری خط	○	○	○	○
7.	"وجہ" کی جمع الجمع ہے:	وجہات	وجوہ	وجوہات	توجیحات	○	○	○	○
8.	دو یا دو سے زائد مصادر سے مل کر بنتا ہے:	محاورہ	ضرب المثل	مصدر	مرکب مصدر	○	○	○	○
9.	کس صنف سخن میں ہر شعر کا قافیہ دوسرے شعر سے جدا ہوتا ہے؟	مثنوی	قصیدہ	منقبت	ملی نغمہ	○	○	○	○
10.	صنعت جس میں کسی شے یا شخص کی بعید از قیاس تعریف یا مذمت کی جائے:	رعایت لفظی	مبالغہ	حسن تعلیل	تلمیح	○	○	○	○
11.	"مغرب کی اندھا دھند تقلید مناسب نہیں" اس جملے میں ذو معنی لفظ ہے:	اندھا دھند	تقلید	مغرب	مناسب	○	○	○	○
12.	اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں عارضی میری زندگانی ہے — یہ شعر مثال ہے:	صنعتِ حسن تعلیل کی	صنعتِ تضاد کی	صنعتِ تکرار کی	صنعتِ رعایت لفظی کی	○	○	○	○
13.	شعر کی دوسری سطر کہلاتی ہے:	مصرع ثانی	مصرع اولیٰ	مصرع	مصرع اعلیٰ	○	○	○	○
14.	ایسی نظم جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں کیا کہلاتی ہے؟	مسدس	مخمس	رباعی	مثلث	○	○	○	○
15.	دیے گئے الفاظ میں سے تضاد جوڑے کی شناخت کریں:	دن۔رات	روز۔شب	سدا۔صدا	فنا۔بقا	○	○	○	○
16.	"حسن طلب" کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے؟	ہجو	مثنوی	مرثیہ	قصیدہ	○	○	○	○
17.	قافیہ کے بعد بغیر تبدیلی کے دہرائے جانے والے الفاظ ہیں:	ردیف	ہم آواز الفاظ	تشابہات	ذو معنی الفاظ	○	○	○	○
18.	عبارت میں کسی بات کی تفصیل بتانے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے:	:	:-	!	" "	○	○	○	○
19.	مطلع ثانی غزل کا شعر ہوتا ہے:	آخری	تیسرا	دوسرا	پہلا	○	○	○	○
20.	درج شدہ میں حرفِ شرط ہے:	مثل	تاکہ	بلکہ	اگرچہ	○	○	○	○

اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - II

وقت:2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 39)

سوال نمبر ۲:(الف) حصہ نثر:

پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں: **(6 x 3 = 18)**

اسی زمانے میں پہلی جنگِ عظیم چھڑ گئی، جس میں انگریز کا مقابلہ جرمنی سے ہوا اور ترکی نے جرمنی کا ساتھ دیا۔ ہندوستان کے مسلمان چونکہ ترکی کے سلطان کو حجاز کی خدمت کرنے کی وجہ سے خلیفۂ اسلام سمجھتے تھے، اس لیے انھوں نے مالی اور طبی امداد بھی بہم پہنچائی جس کی وجہ سے حکومت برطانیہ کو مسلمانوں سے عناد پیدا ہو گیا لیکن انھوں نے یہاں کے مسلمانوں سے یہ وعدہ کیا کہ ہمیں اس جنگ میں کامیابی حاصل ہوئی تو ہم کسی طرح بھی ترکی کو مزید نقصان نہیں پہنچائیں گے۔ یہ وعدہ محض فریب تھا۔ چنانچہ انگریزوں کو فتح حاصل ہوئی تو وہ اپنے وعدے سے پھر گئے اور انھوں نے ترکی کی وسیع سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے۔ یہاں کے مسلمانوں کو فریب کی وجہ سے بہت تکلیف پہنچی اور انھوں نے خلافت کے تحفظ کے لیے مولانا محمد علی جوہرؒ اور ان کے بڑے بھائی مولانا شوکت علیؒ کی رہ نمائی میں تحریک خلافت شروع کی۔ لیکن اسی زمانے میں ہندوؤں نے مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لیے شُدھی کی تحریک شروع کی اور ان کو ختم کرنے کے لیے سنگھٹن کی تحریک بھی شروع کی پھر 1928ء میں کانگریس نے جو نہرو رپورٹ شائع کی، اس میں مسلمانوں کے لیے علیحدہ نمائندگی کا اصول جو وہ بارہ سال پہلے تسلیم کر چکی تھی، بالکل نظر انداز کر دیا۔ پھر تو مسلمانوں میں بڑا جوش پیدا ہوا اور انھیں یقین ہو گیا کہ چونکہ ان کا دین، ان کی تہذیب اور ان کی معاشرت سب کچھ غیر مسلموں سے مختلف ہے، اس لیے کسی حالت میں ہندوؤں سے تعاون نہیں ہو سکتا۔

سوالات:

(i) حکومت برطانیہ کی ہندوستان کے مسلمانوں سے عناد کی وجہ بیان کریں۔

(ii) پہلی جنگ عظیم میں مسلمانوں نے ترکی کی حمایت کیوں کی؟

(iii) حکومت برطانیہ نے مسلمانوں سے کیا وعدہ خلافی کی؟

(iv) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟ وضاحت کریں۔

(v) شُدھی تحریک اور سنگھٹن تحریک کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(vi) عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ **یا** عبارت کی تلخیص کریں۔

(ب) حصہ نظم:

درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں: **(3 x 3 = 09)**

مجاہد تھے مگر نامِ خدا پر کانپ جاتے تھے — یہ زاہد تھے فقط صدق و یقیں پر سر جھکاتے تھے
دلوں میں جاگ اُٹھا تھا یہاں احساس خدمت کا — مریض انسانیت کو مل رہا تھا غسل صحت کا
وہ اللہ کی طرف سے مذہب اسلام کا ہادی ﷺ
دلانے آیا تھا بندوں کو غیر اللہ سے آزادی

سوالات:

(i) شاعر نے مجاہد اور زاہد کی کیا صفت بیان کی ہے؟

(ii) اسلام نے دلوں میں کس جذبے کو بیدار کیا؟ وضاحت کریں۔

(iii) "اسلام کا ہادی" سے مراد کون سی شخصیت ہے؟ **یا** تیسرے شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

(ج) حصہ غزل:

درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں: **(2 x 3 = 06)**

(i) جگ میں آکر اِدھر اُدھر دیکھا
تو ہی آیا نظر، جدھر دیکھا

(ii) مری سوچ میں نئے موسموں کی شگفتگی کی شمیم ہو
میں اسیر فکرِ قدیم ہوں مجھے تازگیٔ خیال دے

(iii) رنج سے خو گر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

سوالات:

(i) جگ میں آکر شاعر کس نتیجے پر پہنچا؟ (بہ حوالہ شعر i)

(ii) شاعر نے تازگیٔ خیال کا مطالبہ کیوں کیا ہے؟ (بہ حوالہ شعر ii) **یا** شاعر کے مطابق انسان کی مشکلیں کب آسان ہو جاتی ہیں؟ (بہ حوالہ شعر iii)

(د) حصہ قواعد:

درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیں: (2 x 3 = 06)

(i) مرثیہ کی مختصر وضاحت کریں۔ اس کے کوئی سے دو اجزا کے نام تحریر کریں۔

(ii) صنعت تلمیح کی وضاحت ایک شعری مثال سے کریں۔ یا ایک مثال سے استعجابیہ کی وضاحت کریں۔

حصہ سوئم (کل نمبر 41)

سوال نمبر ۳: درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

میرا ایمان ہے کہ قدرت کے کارخانے میں کوئی شے بے کار نہیں۔ انسان غور و فکر کی عادت ڈالے (یا محض عادت ہی ڈال لے) تو ہر بری چیز میں کوئی نہ کوئی خوبی ضرور نکل آتی ہے مثال کے طور پر حقے ہی کو لیجیے۔ معتبر بزرگوں سے سنا ہے کہ حقہ پینے سے تفکرات پاس نہیں پھٹکتے بلکہ میں تو یہ عرض کروں گا کہ اگر تمباکو خراب ہو تو تفکرات ہی پر کیا موقوف ہے کوئی بھی پاس نہیں پھٹکتا۔ اب دیگر ملکی اشیائے خورد و نوش پر نظر ڈالیے مرچیں کھانے کا ایک آسانی سے سمجھ آنے والا فائدہ یہ ہے کہ ان سے ہمارے مشرقی کھانوں کا اصل رنگ اور مزہ دب جاتا ہے خمیرہ گاؤزبان اس لیے کھاتے ہیں کہ بغیر راشن کارڈ کے شکر حاصل کرنے کا یہی ایک جائز طریقہ ہے۔ جوشاندہ اس لیے گوارا ہے کہ اُس سے نہ صرف ایک ملکی صنعت کو فروغ ہوتا ہے بلکہ نفس امارہ کو مارنے میں بھی مدد ملتی ہے شلغم اس لیے زہر مار کرتے ہیں کہ ان میں وٹامن ہوتا ہے لیکن جدید ریسرچ نے ثابت کر دیا ہے کہ کافی میں سوائے کافی کے کچھ نہیں ہوتا۔

یا

بہادر خان نے یہ سب کچھ دیکھا اور وہ خود سے کہنے لگا کہ میں کیا کروں؟ ندی میں ڈوب مروں یا پتھروں سے اپنا سر پھوڑوں؟ اقارب کے لیے بیگانہ ہو گیا ہوں، میرے اپنے تمن (قبیلہ) کے لوگ مجھ سے گریزاں ہیں اور یہ مُلّا کم بخت ایک آسیب کی طرح مجھ سے چمٹا ہوا ہے۔ کاش! میں اس شادی پر نہ گیا ہوتا وہ اسی طرح سوچتے سوچتے قبرستان واپس آ گیا۔ اس کے لیے وقت کاٹنا دوبھر ہو گیا۔ ایک ایک لمحہ ایک ایک پہاڑ بن گیا۔ اس کے دماغ میں رینگتا ہوا ہر خیال اس کی رگوں میں کانٹے کی طرح چبھنے لگا۔ آخر اس نے کون سا گناہ کیا تھا۔ جس کی پاداش میں وہ اس مصیبت میں پھنس گیا اور مصیبت جب شروع ہوئی اس کی کوئی انتہا بھی نظر نہ آتی تھی۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ (06)

کریم ایسے کہ انعام کرتے جاتے ہیں — یونہی ہمیشہ الجھتی رہی ہے ظلم سے خلق
جوّاد ایسے کہ نعمت کو کم نہیں کرتے — نہ ان کی رسم نئی ہے، نہ اپنی ریت نئی
میسر آتی ہے جن کو دُرود کی توفیق — یوں ہی ہمیشہ کھلائے ہیں ہم نے آگ میں پھول
کسی بھی حال میں ہوں کوئی غم نہیں کرتے — یا — نہ ان کی ہار نئی ہے ، نہ اپنی جیت نئی
نظر میں طائف و مکہ رہیں تو ان کے غلام — اسی سبب سے فلک کا گلہ نہیں کرتے
جواب میں بھی ستم کے ستم نہیں کرتے — ترے فراق میں ہم دل بُرا نہیں کرتے

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں — جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں
قناعت نہ کر عالم رنگ و بو پر — جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں — یا — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا — ایک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

سوال نمبر ۶۔ "بڑھتی ہوئی مہنگائی" کے حوالے سے اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیں۔ (یا) (08)

"بھائی کو امتحان میں شان دار کامیابی" پر تہنیت نامہ لکھیں۔

سوال نمبر ۷۔ کسی ایک عنوان پر چار سو سے چار سو پچاس الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (12)

الف۔ برداشت اور رواداری — ب۔ بدعنوانی کے اسباب اور سدباب

ج۔ موسمیاتی تبدیلیاں اور ان کے اثرات — د۔ سوشل میڈیا کے استعمال کے مثبت اور منفی پہلو